**مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے:**

(1) اک معنی بے لفظ ہے اندیشہء فردا
جیسے خط قسمت کو پڑھا بھی نہیں جاتا

(2) بدلتے جا رہے ہیں ہم بھی دنیا کو بدلنے میں
نہیں بدلی ابھی دنیا تو دنیا کو ابھی بدلا

(3) یہ ہمیں تھے جن کے لباس پر سرِ رہ سیاہی لکھی گئی
یہی داغ تھے جو سجا کے ہم سر بزم یار چلے گئے

(4) جب تک ہم مصروف رہے یہ دنیا تھی سنسان
دن ڈھلتے ہی دھیان میں آئے کیسے کیسے لوگ

(5) دیکھوں ترے ہاتھوں کو تو لگتا ہے ترے ہاتھ
مندر میں فقط دیپ جلانے کے لیے ہیں

(6) سب چلے دور کے پانیوں کی طرف
کیا نظارہ کھلے بادبانوں کا ہے

(7) مثال ایسی ہے اس دورِ خرد کے ہوش مندوں کی
نہ ہو دامن میں ذرہ اور صحرا نام ہو جائے

(8) خون میں جوش نہیں آیا زمانہ گزرا
دوستو آؤ کوئی بات نکالی جائے

(9) آج کل اس کی طرح ہم بھی ہیں خالی خالی
ایک دو دن اسے کہیو کہ یہاں رہ جائے

(10) زندان مصیبت سے کوئی نکلے تو کیونکر
رسوا سر بازار ہوا بھی نہیں جاتا

(11) میں اس کی چاہ میں دونوں جہاں چھوڑ چلا
وہ بے وفا نہ میرا ہو سکا مگر پھر بھی

(12) آج تک شیخ کے اکرام میں جو شے تھی حرام
اب وہی دشمن دیں راحت جاں ٹھہری ہے

(13) ناصر ہم کو رات ملا تھا تنہا اور اداس
وہی پرانی باتیں اس کی وہی پرانا روگ

(14) فرصت کار فقط چار گھڑی ہے یارو
یہ نہ سوچو کی ابھی عمر پڑی ہے یارو

(15) یہ رات گذرے تو دیکھوں طرف طرف کیا ہے
ابھی تو میرے لئے سب کچھ آسماں میں ہے

(16) وہ تمنا ہوں کہ دل سے نہ گزر ہو جس کا
وہ تماشا ہوں کہ نظروں سے نہاں رہ جائے

(17) کہاں چراغ جلائیں کہاں گلاب رکھیں
چھتیں تو ملتی ہیں لیکن مکاں نہیں ملتا

(18) کسی کا یوں تو ہوا کون عمر بھر پھر بھی
یہ حسن و عشق تو دھوکا ہے سب مگر پھر بھی

(19) ادھر پچھلے سے اہل مال وزر پر رات بھاری ہے
ادھر بیداری جمہور کا انداز بھی بدلا

(20) اب یہ بھی نہیں ٹھیک کہ ہر درد مٹادیں
کچھ درد کلیجے سے لگانا کے لیے ہیں

## C C - 09

### 1. مختصر جواب والے سوالات:

(1) اردو میں اقبال کے کل کتنے مجموعہ کلام ہیں؟

(2) کلیات اقبال میں کل کتنے مجموعہ کلام ہیں؟ ان کے نام بتائیے۔

(3) بانگ درا میں شامل کسی پانچ نظموں کے عنوان بتائیے۔

(4) اقبال نے کن لوگوں کے اثرات قبول کئے۔ ان کے نام بتائیے۔

(5) اقبال کے پی۔ ایچ۔ ڈی کا عنوان کیا تھا؟ یہ ڈگری انہوں نے کس یونیورسیٹی سے حاصل کیا؟

(6) قومی اور وطنی شاعری کے حوالے سے اقبال کے چند اشعار قلم بند کیجئے۔

(7) رومانی تحریک سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

(8) رومانی تحریک کی اہم خصوصیات قلم بند کیجئے۔

(9) پہلی اور دوسری جنگ عظیم کب سے کب تک ہوئی؟

(10) اقبال کی شاعری پر روس کے اثرات کس طرح مرتب ہوئے۔

(11) بانگ درا میں شامل غزلوں میں سے کوئی دو اشعار لکھئے۔

(12) اقبال کی غزلیہ شاعری کے چند امتیازات لکھئے۔

(13) اقبال کی نظمیہ شاعری کے چند امتیازات لکھئے۔

(14) **درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے:**

(i) ملا محبت کا سوز مجھ کو تو بولے صبح ازل فرشتے
مثال شمع مزار ہے تو، تری کوئی انجمن نہیں ہے

(ii) اگر کوئی شے نہیں ہے پنہاں تو کیوں سراپا تلاش ہوں میں
نگہ کو نظارے کی تمنا ہے، دل کو سودا ہے جستجو کا

5. عاشق میں ہے اوراس میں نسبت سگ وآہو کی
جوں جوں ہورمیدہ وہ توں توں یہ لگا جاوے

6. بے سدھ پڑا رہوں ہوں اس مست ناز بن میں
آ تا ہے ہوش مجھ کو اب تو پہر پہر میں

7. آلودہ اس گلی کی جو ہوں خاک سے تو میرؔ
آب حیات سے بھی نہ وے پاؤں دھوئیے

8. ان نوخطوں سے میری قسمت میں تو تھی خواری
کس طرح لکھا میرا کوئی آ کے مٹا جاوے

9. نازک بدن ہے کتنا وہ شوخ چشم دلبر
جان اس کے تن کے آگے آتی نہیں نظر میں

درج ذیل رباعیوں کی تشریح کیجیے:

1. محشر میں اگر یہ آتشیں دم ہو گا
ہنگامہ سب اک لپٹ میں برہم ہوگا
تکلیف بہشت کاش مجھ کو نہ کریں
ورنہ وہ باغ بھی جہنم ہو گا

2. ہم میرؔ برے اتنے ہیں وہ اتنا خوب
متروک جہاں ہم ہیں وہ سب کا محبوب
ہم ممکن اسے وجوب کا ہے رتبہ
ہے کچھ بھی مناسبت کا باہم اسلوب

3. ہم میرؔ سے کہتے ہیں نہ تو رویا کر
ہنس کھیل کے ٹک چین سے بھی سویا کر
پا یا نہیں جانے کا وہ در نایاب
کڑھ کڑھ کے عبث جان کو مت کھویا کر